Home Connection

عزیز والد یا والدہ/ سرپرست:

آج کلاس میں، آپ کے بچے نے ذاتی اور معاشرتی حوالے سے، ٹیکنالوجی کے مناسب اور غیرمناسب استعمال کے بارے میں تعلیم حاصل کی۔ ہدایات میں صحت، تعلیم اور کیریئر پر جنسی طور سے واضح گفتگو (فحش پیغامات) میں شامل ہونے کے اثرات اور ممکنہ قانونی نتائج کے بارے میں گفتگو شامل ہے۔ اس کے علاوہ، طلباء نے غیر مناسب آن لائن مواصلات کا جواب دینے/ نمٹنے کی تدابیر کے بارے میں سیکھا۔ اپنے بچے کے بنیادی استاد ہونے کے ناتے، یہ انتہائی اہم ہے کہ آپ ٹیکنالوجی کے مناسب استعمال سے متعلق اپنے نظریات کے بارے میں، اپنے بچے کے ساتھ بات چیت کریں۔

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز طلباء کو، مڈل اسکول میں جذباتی اور معاشرتی طور پر صحت مند رہنے کی تعلیم دینے کے لیئے پرعظم ہیں اور پوری زندگی سوشل میڈیا کے محفوظ استعمال اور اس سے بھرپور فائدہ اٹھانے سے متعلق رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ ہم والدین اور سرپرستوں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ اس موضوع سے متعلق پڑھیں اور میڈیا ملاحظہ کریں جو اس ویب سائٹ پر دستیاب ہے https://www.commonsensemedia.org/blog/talking-about-sexting. ہم امید کرتے ہیں کہ آپ ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا کے مناسب اور بہتر استعمال سے متعلق اپنے بچے سے بات چیت کرنے کے اس موقع کا فائدہ اٹھائیں گے اور ان سے اس سبق کے بارے میں پوچھیں گے جس میں انہوں نے شرکت کی۔ آپ اپنے بچے کے ساتھ سوشل میڈیا سے متعلق FCPS کے بہترین طریقوں کا جائزہ لے سکتے ہیں (https://www.fcps.edu/resources/technology/digital-citizenship-internet-safety/social-media-best-practices-students):

• براہ مہربانی خوش اخلاقی کا مظاہرہ کریں۔ دوسروں کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ رکھیں جیسا آپ اپنے ساتھ توقع رکھتے ہیں۔

• تحقیردین اور قومیت یا نسل سے متعلق بہتان لگانا اور فحش میڈیا (تصاویر، تحائف، ویڈیوز وغیرہ) کسی بھی حالت میں قابل قبول نہیں .

• چیخنے چلانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اپنے پیغامات میں تمام بڑے حروف اور/ یا متعدد علامات استعمال کرنے سے گریز کریں۔

• دوستوں کو ٹوئٹ کرتے وقت @fcpsnews پر ٹیگ مت کریں جہاں کوئی بھی فحش یا غیرمناسب زبان استعمال کی گئ ہو۔

• اگر آپ یہ نہیں چاہتے کہ آپ کے گھر والے، پرنسپل یا آپ کا پورا اسکول آپ کی ٹوئٹ یا پوسٹ دیکھے تو اسے مت ڈالیں۔ اگر ایک مرتبہ یہ آن لائن ڈل گئی تو آپ اسے واپس نہیں ہٹا سکتے۔

• سچ بولیں! مثال کے طور پر اگر آپ کسی حادثے کے عینی گواہ نہیں ہیں، اگر آپ کسی جرم کا شکار نہیں ہیں، اگر آپ کی بس ایک گھنٹہ دیر سے نہیں پہنچی تو براہ مہربانی ہمیں سے یہ مت کہیں کہ یہ سارے معاملات پیش آئے ہیں۔

• FCPS Twitter, Facebook اور Instagram feeds پر چوبیس گھنٹے/ ساتوں دن نظر نہیں رکھی جاتی۔ اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا کسی مشکل کا شکار ہے تو براہ مہربانی 85511 پر NEEDHELP کا ٹیکسٹ کریں، 1-800-273-TALK پر کال کریں یا 911 کال کریں۔ اگر آپ آن لائن یا آف لائن کوئی بھی نا مناسب حرکت دیکھتے ہیں تو فوری طور پر اپنے استاد، پرنسپل، والد/ والدہ یا کسی بھروسہ مند بالغ فرد کو، اس بارے میں اطلاع دیں۔

• خود پر بھروسہ رکھیں۔ ہم سے یا کسی اور سے گفتگو کرتے وقت خود کو کسی اور کے نظریے کے مطابق مت ڈھالیں۔ سوشل میڈیا پر FCPS کے نقلی اکاؤنٹ بنانا قابل قبول نہیں۔

اسکول کے کونسلر، ماہر نفسیات اور سماجی کارکن طلباء اور ان کے گھرانوں کو، ہماری کمیونٹی میں دستیاب خدمات سے جوڑنے کے لیئے حاضر ہیں۔ آن لائن حفاظت سے متعلق تجاویز کے بارے میں مزید معلومات کے لیئے، آپ گمشدہ اور استحصال کا شکار بچوں کے قومی مرکز سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں . http://www.missingkids.com/home

ہمارے بچوں کو بہتر فیصلے لینے میں مدد کرنے اور محفوظ رکھنے کے لیئے، اسکول کے ساتھ مل کر کام کرنے کا شکریہ۔ اگر آپ کوئی سوال یا خدشات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تر براہ مہربانی مجھ سے رابطہ کریں۔

مخلص،

ٹیچر برائے امور صحت